بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
اپریل 2026

1۔ قرآن کریم

سُوۡرَۃُ الۡغَاشِیَۃِ" کی آیات 9-13 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیات 9 اور 10 کی تفسیر کے مطابق، اس دنیا میں کون سی خوبیاں یا اعمال ایسے ہیں جو قیامت کے دن کسی شخص کے چہرے کو "خوش بخوش" بنا دیتے ہیں؟
- آیت نمبر 11 اور 12 میں جنت میں لغو بات نہ سننا، کو نعمت کے طور پر کیوں بیان کیا گیا ہے؟
- آیت نمبر 13 میں "ایک بہتا ہوا چشمہ ہوگا" سے کیا مراد ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 38–42
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 121-134:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=125

2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ النساء کی آیت 33 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَسۡـَٔلُوا اللّٰہَ مِنۡ فَضۡلِہٖ

اور اللہ سے اس کا فضل مانگو

اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم صرف اسی پر بھروسہ کریں اور اپنی تمام خواہشات کے لیے اسی سے دعا کریں، نہ کہ دوسروں سے حسد کریں۔ یہ حکم ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں لا محدود ہیں اور ہمیں اپنی ہر ضرورت کے لیے اسی کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

- ہم اپنی روزمرہ زندگی میں اللہ تعالیٰ کے اس حکم پر کس طرح عمل کر سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 43

3۔ اسماء الحسنیٰ (جنرل میٹنگ)

اللہ تعالیٰ کی صفت ''اَلْعَزِیْزُ'' (کامل غلبہ والا) کا مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 19 اکتوبر 2007 میں بیان فرمایا کہ ''اَلْعَزِیْزُ'' وہ ذات ہے جو قوی ہو اور ہر ایک چیز پر غالب ہو۔

اللہ تعالیٰ کی صفت کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ مورخہ 19 اکتوبر 2007 اور مورخہ 30 نومبر 2007 کو غور سے سنیں اور مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- روزمرہ کی زندگی میں مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے ہم اللہ تعالیٰ پر اپنا بھروسہ کو کیسے مضبوط کر سکتے ہیں؟
- اللہ تعالیٰ کی یہ صفت ہمیں اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ دنیاوی طاقت عارضی اور محدود ہے۔
- خطبہ جمعہ مین بیان فرمودہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات کے ذریعہ ہم اللہ تعالیٰ کی اس صفت کے متعلق کیا سیکھتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 44-49

خطبہ جمعہ مورخہ 19/10/2007: https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-10-19.html

خطبہ جمعہ مورخہ 30/11/2007: https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-11-30.html

4۔ تاریخِ اسلام۔ سیرت خاتم النبیین ﷺ
تصنیف حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

اس کتاب میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے صلح حدیبیہ کی اہمیت بیان فرمائی ہے۔ تعلیم نصاب میں بیان کیے گئے اس مضمون کا مطالعہ کریں۔

- آنحضرت ﷺ نے صلح حدیبیہ کے متعلق کیا خواب دیکھی تھی؟
- آنحضرت ﷺ کے ساتھ سفر حدیبیہ میں کتنے صحابہ شامل تھے؟
- اس سفر کے دوران آنحضرت ﷺ کی اونٹنی القصوا کا کیا واقعہ پیش آیا؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 68-72

5۔ کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟
تصنیف حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب کا مطالعہ کریں اور درج ذیل نکات پر غور کریں۔

- ”شیطان کو معرفت کامل حاصل ہے پھر وہ کیوں نافرمان ہے“ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس سوال کی کیا وضاحت بیان فرمائی ہے؟ (pdf صفحہ نمبر 642)
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حقیقی نجات کے متعلق کیا بیان فرمایا ہے؟ (pdf صفحہ نمبر 647 اور 648)

ذرائع کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

Audio Book Urdu



click to read



click to read